تاریخ پر مشتمل ہے دوسو چالیس اعیانِ قصبہ کے حالات و سوانح بیان کئے گئے ہیں شخصی اور خاندانی حالات کے علاوہ خانقاہ کے مشائخ کے معمولات ۔ سلسلہ کے متصوفانہ اعمال و افعال ۔ طور طریق اور رسوم پھلواری شریف کے آثارِ دیرینہ ۔ مقابر و مزارات اور اوقاف و مساجد وغیرہا کے مستند تاریخی حالات وکوائف بھی بیان ہو گئے ہیں اس حیثیت سے یہ کتاب صرف ایک تذکرہ نہیں بلکہ اٹھارویں اور انیسویں صدی عیسوی کے ہندوستان کی تاریخ کے بعض گوشوں پر بھی روشنی ڈالتی ہے اور اس عہد سے متعلق سماجی اور تمدنی و تہذیبی مفید معلومات بھی حاصل ہوتی ہیں۔ شروع میں جناب مولانا سید مناظر احسن صاحب گیلانی کے قلم سے ایک دلچسپ اور بصیرت افروز مقدمہ ہے امید ہے کہ ارباب ذوق اس کے مطالعہ سے مستفید اور محظوظ ہوں گے۔

تاریخ علم حدیث | از مولانا مفتی سید عمیم الاحسان صاحب مجددی، تقطیع خورد کتابت و طباعت بہتر ضخامت ۱۲۰ صفحات قیمت عہ پتہ :- قرآن منزل ۔ بابو بازار ڈھاکہ۔

اس کتاب کی حیثیت ان نوٹوں کی سی ہی ہے جو کوئی استاد کلاس میں طلباء کو سکھاتا ہے یا خود بہ طور یادداشت انھیں لکھ لیتا ہے چنانچہ تاریخ علم حدیث سے متعلق تقریباً تمام معلومات مثلاً علم حدیث کے مختلف ادوار ۔ ہر دور کے مشہور ائمہ فن کے حالات ان کے مرتب کئے ہوئے مجموعہائے حدیث کا تعارف ۔ تدوین و کتابت حدیث، علوم متعلقہ حدیث ان سب مسائل و مباحث کا مختصر مختصر تذکرہ آگیا ہے ۔ حدیث سے متعلق بعض خاص خاص مباحث پر مولانا سید مناظر احسن گیلانی ۔ مولانا ابو المآثر حبیب الرحمٰن اعظمی اور ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی کی کتابیں بہت مبسوط، مفصل اور محققانہ ہیں، زیر تبصرہ کتاب حدیث کے عام طلباء اور اساتذہ کے لئے مفید ہوگی اور ان کے لئے حدیث پر جامع معلومات کی ایک نوٹ بک کا کام دے گی!!

تحقیقی مطالعے | از ڈاکٹر نذیر احمد تقطیع خورد ضخامت ۱۶۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت دو روپیہ پتہ :- دانش محل امین الدولہ پارک لکھنؤ۔